
27th August, 2024

# AMONG MARRIED PAKISTANIS, ALMOST 3 OUT OF 5 (58%) HAD ONLY THEIR FAMILY MEMBERS SUGGEST MARRIAGE PROPOSALS; WOMEN WERE MORE LIKELY TO ENGAGE PROFESSIONALS, WHILE URBAN RESIDENTS WERE MORE LIKELY TO INCLUDE THEIR FRIENDS IN THE PROCESS: GALLUP & GILANI PAKISTAN

شادی شدہ پاکستانیوں میں سے ،تقریباً ہر 5 میں سے 3 (58% ) پاکستانیوں نے اُپنی شادی کےحوالےسے رشتوں کی پیشکش / تجویز میں صرف اپنے گھرانے کے افراد شامل ہونے کا بتایا ۔ خواتین میں رشتوں کی تلاش کے حوالےسے پیشہ ور افراد کے شامل ہونے کی شرح زیادہ پائی گئی ، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں رشتوں کی تلاش کے اس عمل میں دوستوں کے شامل ہونے کی شرح زیادہ رہی ۔

Question: When you were searching for marriage proposals, was it only your own family members involved, such as your mother or sister suggesting proposals?*

**Multiple responses were allowed*




*Don't know/No response: 2%*

Gallup & Gilani PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)
Field Dates: 28th June - 10th July 2024

/GallupPak

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ذاتی معلومات

ازواجی حیثیت

شادی اور سماجی رویے پر پریس ریلیز کی سیریز کا چوتھا حصہ

**شادی شدہ پاکستانیوں میں سے، تقریباً ہر 5 میں سے 3 (58%) پاکستانیوں نے اُپنی شادی کے حوالے سے رشتوں کی پیشکش / تجویز میں صرف اپنے گھرانے کے افراد شامل ہونے کا بتایا۔ خواتین میں رشتوں کی تلاش کے حوالے سے پیشہ ور افراد کے شامل ہونے کی شرح زیادہ پائی گئی، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں رشتوں کی تلاش کے اس عمل میں دوستوں کے شامل ہونے کی شرح زیادہ رہی۔**


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**
(اسلام آباد) ،27 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، شادی شدہ پاکستانیوں میں سے، تقریباً ہر 5 میں سے 3 (58%) پاکستانیوں نے اُپنی شادی کے حوالے سے رشتوں کی پیشکش / تجویز میں صرف اپنے گھرانے کے افراد شامل ہونے کا بتایا۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش کے اس عمل میں پیشہ ور افراد کے شامل ہونے کی شرح مرد حضرات کی نسبت خواتین میں 7% زیادہ پائی گئی۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں رشتوں کی تلاش کے اس عمل میں دوستوں کے شامل ہونے کی شرح 4% زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" جب آپ کی شادی کے حوالے سے رشتے تلاش کئے جا رہے تھے تو کیا کوئی دوست، رشتہ دار یا کوئی پیشہ ور شخص شامل تھا جن کی جانب سے رشتوں کی پیشکش کی جا رہی تھی یا آپ کا اپنا خاندان شامل تھا، یعنی والدہ یا بہن کی جانب سے رشتوں کو تلاش کیا جا رہا تھا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 58% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش میں صرف اپنے گھر کے افراد شامل تھے، 26% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش میں رشتہ دار شامل تھے، 16% جوابدہندگان کے مطابق رشتوں کی تلاش میں دوست شامل تھے، جبکہ 7% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش میں پیشہ ور شخص شامل تھا، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"جب آپ کی شادی کے حوالے سے رشتے تلاش کئے جا رہے تھے تو کیا کوئی دوست، رشتہ دار یا کوئی پیشہ ور شخص شامل تھا جن کی جانب سے رشتوں کی پیشکش کی جا رہی تھی یا آپ کا اپنا خاندان شامل تھا، یعنی والدہ یا بہن کی جانب سے رشتوں کو تلاش کیا جا رہا تھا؟"**
(ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے اعتبار سے:** شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات میں شادی کے حوالے سے رشتوں کی پیشکش / تجویز میں رشتہ داروں اور دوستوں دونوں کے شامل ہونے کی شرح یکساں پائی گئی۔ اسی طرح، خواتین اور مرد حضرات دونوں میں رشتوں کی پیشکش / تجویز کے حوالے سے اپنے گھر کے افراد کے شامل ہونے کی شرح میں صرف معمولی کا فرق دیکھنے میں آیا ۔ تاہم، رشتوں کی تلاش کے اس عمل میں پیشہ ور افراد کے شامل ہونے کی شرح مرد حضرات (4%) کی نسبت خواتین میں 7% زیادہ پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں شادی کے حوالے سے رشتوں کی پیشکش / تجویز میں اپنے گھرانے کے افراد یا پیشہ ور افراد کے شامل ہونے کی شرح میں معمولی سا فرق پایا گیا۔ تاہم، شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (23%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں شادی کے حوالے سے رشتوں کی پیشکش میں رشتہ داروں کے شامل ہونے کی شرح 4% زیادہ پائی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (14%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں شادی کے حوالے سے رشتوں کی پیشکش میں دوستوں کے شامل ہونے کی شرح سب سے زیادہ (18%) دیکھنے میں آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 548 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## شادی اور سماجی رویے پر 2024 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2024 میں پاکستان میں شادیوں اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : ازدواجی حیثیت – https://gallup.com.pk/post/37262

**پریس ریلیز 2** : والدین کی پسند کی شادی (Arranged Marriage) یا اپنی پسند کی شادی (Love Marriage) – https://gallup.com.pk/post/37276

**پریس ریلیز 3** : شادی کا عرصہ / سال – https://gallup.com.pk/post/37288

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 27th August, 2024**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)